# School of Commerce and Business Management

## اسکول برائے تجارت وکاروباری انتظامیہ

## Department of Management Studies شعبۂ انتظامیہ

شعبۂ انتظامیہ کے قیام کا مقصد اُردو جاننے والے طبقے کو سماج کے پسماندہ طبقہ کو مینجمنٹ کی پیشہ ورانہ تعلیم فراہم کرنا ہے۔ عام انتظامیہ (General Management)' انتظام مالیہ/مالیات (Financial Management)' انتظام بازار کاری (Marketing Management) اور انتظامی انسانی وسائل (Human Resource Management) شعبہ کے اہم اور توجہ طلب میدان ہیں۔ اس شعبے میں ایم بی اے' ایم فل اور پی ایچ ڈی کی تعلیم دی جاتی ہے۔ ان میں داخلہ' داخلہ امتحان میں میرٹ کی بنیاد پر کیا جاتا ہے۔

**<u>ایم بی اے کے امتحان داخلہ کے پرچہ سوالات کا نمونہ</u>**

| حصہ | مضمون | نمبرات |
|---|---|---|
| A | کاروباری انتظامیہ سے متعلق عمومی معلومات (General Knowledge of Business Management) | 25 |
| B | ریاضی کی استعداد (Mathematical Ability) | 25 |
| C | ذہنی استعداد (Mental Ability) | 25 |
| D | قوت استدلال (Power of Reasoning) | 25 |

I. اس پرچے میں جملہ 100 معروضی سوالات ہیں۔ ہر سوال کے نیچے چار متبادل جوابات ABCD حروف میں دیے گئے ہیں۔ آپ سوال کے صحیح جواب کا انتخاب کیجیے۔ پھر OMR جوابی بیاض میں اپنے منتخب کردہ جواب کے دائرہ کو گہرا کیجیے۔ نمونۂ سوالات اس طرح ہیں۔

## Part - A

1. بیرونی ممالک سے راست سرمایہ کاری حاصل کرنے کو کیا کہا جاتا ہے۔

(A) FDI (B) FII (C) FPI (D) FERA

2. کونسے مرکزی وزارت نے سب سفر توانائی عمارتوں کو فروغ دینے کے لئے ہندوستان کے پہلے مربوط ویب پورٹل کا آغاز کیا۔

(A) وزارت شہری ترقی (B) وزارت زراعت اور کسان بہبود

(C)وزارتAYUSH (D)وزارت بجلی

3. کس ہندوستانی یا جر کو سال 2000 کے لئے Harward Business School کے "سابق طالبِ علم اچیومنٹ ایوارڈ" حاصل ہوا ہے؟

(A)سنیل بھارتی میل (B)مکیش امبانی (C)رتن ٹاٹا (D)عظیم پریم جی

## Part – B

1. 122:145: :257:____________________

(A) 290 (B) 299 (C) 401 (D) 497

2. شیر: بکری Herbivore:______::

(A)ماسبہکپی (B) Omnivore (C)پرجیوری (Parasite) (D) Insectivore

3. برف: پانی :_________ : : گھی

(A)دودھ (B)دہی (C)مکھن (D)تیل

## Part - C

1. سال میں مارچ کے پہلے دن جمعہ ہو تو پھر ہندوستان کا یوم آزادی اسی سال میں کس دن آیا ہے۔

(A)پیر (B)منگل (C)جمعرات (D)ہفتہ

2. Aاور B مل کر کسی کام کو بارہ دن میں مکمل کرتے ہیں۔ B اور C اسی کام کو آٹھ دن میں مکمل کرتے ہیں۔ اگر A,B,C سبھوں مل کر کام کرتے ہیں تو وہ کام چھ دن میں مکمل ہو یا ہے۔ وہی کام صرف B کتنے دن میں مکمل کر سکتا ہے؟

(A) 16 (B) 18 (C)24 (D) 30

3. 4,7,12,19,28,_________,52

(A) 39 (B) 40 (C) 41 (D) 42

## Part – D

1. (2,5,9), (6,8,7), (10,11,5) __________

(A) (14,14, 3) (B) (4,13,4) (C) (12,14,3) (D) (12,13,4)

2. BUSINESSکے لئے Code ہے MANAGEMENT ‘DWUKPGUU کے لئے Codeہے۔

(A) KZLEZECKCLR (B) KXLXECKCLR

(C)KYLYECKCLR (D) KYLYEDKDLR

3. FLUTEکی کوڈنگ ہے EJRPZ ‘ PLANE کی کوڈنگ ہوگی _______

(A) UWEEGUU (B) VXFFHVV

(C) UWEEGVV (D) UWEEGUU

**ایم فل / پی ایچ ڈی(انتظامیہ) کے امتحان داخلہ کے پرچہ سوالات کانمونہ**

| حصہ | مضمون | نمبرات |
|---|---|---|
| A | تحقیقی طریقہ کار (Research Methodology) | 50 |
| B | نصاب۔کاروباری انتظامیہ(Subject-Business Management) | 50 |
| | **جملہ سیابات** | **100** |

**نصاب برائے داخلہ امتحان ایم فل / پی ایچ ڈی(انتظامیہ(**

**حصہ - ۱) تحقیقی طریقہ کار(**

1. تحقیق کے معنی: خصوصیات اور اقسام
2. تحقیق کے مرحلے
3. تحقیق کے طریقے
4. مقالہ، مضمون، تعلیمی ورک شاپ، سمینار اور سمپوزیم
5. مقالہ کی تحریر اس کی خصوصیات اور ساحب

## حصہ - ب (کاروباری انتظامیہ)

I. انتظامی معاشیات: طلب کا تجزیہ اور پیشین گوئی، پیداواری سرگرمیاں، لاگت اور پیداوار کا تعلق، قیمتوں کے تعین کا تخمینہ، بازار کی ساخت۔

II. انتظام کے اُصول: انتظام کی نوعیت اور کام، منصوبہ بندی، تنظیم، ہدایت، کنٹرول، ارتقا، قیادت کا تصور، قیادت کے انداز، تنظیمی

III. برتاؤ کا تصور اور اس کی اہمیت۔

IV. وسائلِ انسانی کی تحقیق کا انتظامیہ: وسائل انسانی تحقیق کی منصوبہ بندی، روزگار کا تجزیہ، بھرتی اور انتخاب، کارکردگی کی پیچیدگی، معاوضہ اور فوائد، انسانی وسائل کا ارتقاء، صنعتی تعلقات اور مزدوروں کی انجمنیں۔

V. مالی انتظام: مالی انتظام کی نوعیت اور وسعت، تعین قدر کا تصور، خطرات اور ان سے بچاؤ، تمسکات کا اندازہ قدر، قیمتوں کے تعین کا طریقہ کار، مالی سرمایہ قیمتوں کا نمونہ اور امکانی قیمتوں کے تعین کا طریقہ کار، مشغول سرمایہ کا انتظام سیالیت اور سرمایہ کاری، نقدی کا انتظام، فہرست اشیاء کا انتظام، وصولیات کا انتظام، تفرق کے عناصر، کارپوریٹ خطرات کا انتظامیہ، بین الاقوامی مالیاتی نظام۔

VI. بازار کاری: بنیادی افعال، بازار کاری کا ماحول، ایم آئی ایس، مارکٹنگ مکس، پیداوار مکس، قیمت مکس، مقام مکس، پروموشن مکس، مارکیٹ کی اجزاکاری، ہدف بندی، موقف سازی، مصنوعات کی زندگی کا چکر، نئی مصنوعات کا ارتقاء، ای مارکٹنگ، خدمات مارکٹنگ۔

VII. نوٹ: ایم فل اور پی ایچ ڈی کے لئے ایک ہی نصاب ہے۔ ایم فل کا داخلہ امتحان کے لئے بنیادی تصورات پر زور دیا جائے گا۔

VIII. داخلہ امتحان ۱۰۰ نمبرات پر مشتمل ہوگا جس میں ۷۵ نمبر تحریری امتحان اور ۲۵ نمبر زبانی امتحان کے لئے مختص ہیں۔ ایم فل/ پی ایچ ڈی داخلے کے لئے امیدوار کو لازمی ہے کہ تحریری و زبانی امتحانات میں کامیابی حاصل کرنے کے لئے 50% فیصد الگ الگ نصابات مقرر کئے گئے ہیں۔

## Part - A

1. درجہ ذیل میں کونسا کاروباری تحقیق (Business Research) کا حصہ نہیں۔

(A) تفتیشی تحقیق (Exploratory Research) (B) قطعی تحقیق (Conclusive Research)

(C) بیانیہ تحقیق (Descriptive Research) (D) انتخابی تحقیق (Selective Research)

2. ______ نمونہ بندی کو نیم اتفاقی نمونہ بندی (Quasi Random Sampling) بھی کہتے ہیں۔

(A) منظم نمونہ بندی (Systematic Sampling) (B) سادہ اتفاقی نمونہ بندی (Simple Random Sampling)

(C) درجہ واری نمونہ بندی (Stratified Sampling) (D) فیصلہ کن نمونہ بندی (Judgment Sampling)

3. تحقیق رپورٹ کی ابتدائی صفحات ہوتے ہیں۔

(A) عنوانی صفحات (Title Page) (B) مواد (Content) (C) دیباچہ (Preface) (D) تمام

## Part – B

1. خام قومی پیداوار (GNP) سے مراد

(A) خام گھریلو پیداوار + سود (B) اجرت

(C) خام گھریلو پیداوار + بیرونی ممالک سے حاصل آمدنی (D) خام گھریلو پیداوار + خالص فرسودگی

2. ذیل میں کونسی قیادت کی نوعیت کے اعتبار سے درست نہیں ہے۔

(A) مثالی طرز عمل (B) قیادت شخص خصوصیات کے حامل ہے

(C) حرکیاتی طریقہ عمل (D) Unit of Accounting

3. تجزیہ ملازمت (Job Analysis) کے افادہ میں سیاِل ہے۔

(A) ملازمین کی تربیت (B) ملازمین کی سبکدوشی (C) کام کا مطالعہ (D) ملازم کا انتخاب

4. نقدی بہاؤ کی موجودہ قدر بیرونی بہاؤ سے زائد ہونے پر پراجیکٹ کو ________

(A) قبول کیا جایا ہے (B) شرائط کے ساتھ مسترد کیا جایا ہے

(C)منظوری کے ساتھ مسترد کرے　　(D)مسترد کیا جایا ہے

5. Promotional Mix دراصل مخصوص عاملین کا مجموعہ ہویا ہے۔

(A)ریسیل(Communication)　　(B)مدد(Help)

(C)حریدی پر فیصلہ سازی　　(D)منصوبہ بندی

6. Markov Process کی بنیاد ہے۔

(A)ریسیل(Communication)　　(B)مدد(Help)

(C)حریدی پر فیصلہ سازی　　(D)منصوبہ بندی

7. Giffen Goods کے تحت قیمت اپراندازہوتی ہے۔

(A)منفی　　(B)مثبت　　(C)صفر　　(D) -1

8. طویل مدت میں مکمل مسابقت کے تحت

(A)تمام فرم بارمل منافع حاصل کرتے ہیں　　(B)چند فرم سوپر بارمل منافع حاصل کرتے ہیں

(C)تمام فرم BEP پر قائم ہوتے ہیں　　(D)ان میں سے کوئی نہیں

9. Factoring میں سامل ہونے میں

(A)فرضوں کی وصولی اور حریدی　　(B)فروحت بہی کھاتے کا انتظامیہ

(C)مخصوص حدمات کی گنجائش　　(D)اوپر کے تمام

## ریسرچ پروگرام:

i. **ایم فل/ پی ایچ ڈی پروگراموں کی لازمی اہلیت :** ایم فل/ پی ایچ ڈی میں داخلہ لینے کے خواہش مند امیدواروں کے لیے لازمی ہوگا کہ وہ اصل یا متعلقہ مضمون ( شعبہ یا متعلقہ مرکز کی جاب سے معابہ) میں بحیثیت مجموعی 55% نمبروں یا گرید سسٹم میں اس کے مساوی گرید کے ساتھ پوسٹ گریجویشن کی ڈگری کا حامل ہو۔

ii. داخلہ امتحان: یونیورسٹی ایم فل/ پی ایچ ڈی میں امیدواروں کا داخلہ دو مراحل کی کاروائی یعنی داخلہ امتحان اور انٹرویو کے ذریعے کرتی ہے :

a. داخلہ امتحان 100 نمبروں کا ہوگا جس میں 1 نمبر والے معروضی نوعیت کے کثیر انتخابی سوالات ہوں گے۔ داخلہ امتحان کا نصاب 50% تحقیق کے طریقہ کار اور 50% متعینہ مضمون پر مشتمل ہوگا۔ داخلہ امتحان کا نصاب اور سوالات کا احاطہ و نوعیت یو جی سی/ سی ایس آئی آر۔ سب کے نمونے اور سطح کے مطابق ہوگا۔ تحریری امتحان کا وقت دو گھنٹے رہے گا۔

b. انٹرویو 20 نمبروں کا ہوگا۔ انٹرویو میں امیدوار کو شعبہ کی جانب سے تشکیل کی گئی شعبہ جاتی تحقیقی کمیٹی /انٹرویو بورڈ کے سامنے ایک پیش کش کے ذریعے تحقیق کے لیے اپنے دلچسپی کے میدان سے گفتگو کرنی ہوگی۔ انٹرویو بورڈ درج ذیل پہلوؤں کو بھی پیش نظر رکھے گا:

- امیدوار مجوزہ تحقیق کی استعداد کا حامل ہو۔
- تحقیق کا کام یونیورسٹی میں بہتر طریقہ سے انجام دیا جایا ہے۔
- مجورزہ میدان تحقیق نئی/ اضافی معلومات فراہم کر سکتا ہے۔
- امیدوار اردو زبان میں تحریری صلاحیت کا حامل ہو۔

c. ایم فل/ پی ایچ ڈی پروگرام میں داخلے کا اہل ہونے کے لیے امیدوار کا داخلہ امتحان کے تحریری امتحان اور انٹرویو میں علاحدہ علاحدہ 50% نمبر حاصل کرنا ضروری ہے۔

d. زبانوں کے شعبہ کے سوا تمام پروگراموں کے داخلہ امتحان کا ذریعہ اردو ہوگا۔

☆☆☆☆☆